مطبوعات

ننھی مُنّی خوبصورت نظمیں | نتیجۂ کاوش: حفیظ الرحمٰن احسن - ناشر: ایوانِ ادب، چوک اُردو بازار لاہور ۲ - خوبصورت رنگین طباعت و ڈیزائننگ - قیمت: ۹/- روپے

بڑوں کے لیے واعظ، ادیب، شاعر سب بہت - بچوں بیچاروں کے لیے نصیحتیں تو ہوں گی مگر اور کچھ نہیں - خصوصاً بچوں کے لیے جو لٹریچر ملتا ہے، اس میں بہت کم معیاری ہوتا ہے - پھر جب بات اسلام کی بھی آجائے تو بیچارے بچوں کو یونہی ٹرخایا جاتا ہے - بچوں کے لیے اسلامی نظمیں کا تصور بھی عجیب، یعنی صرف ایسی شاعری کہ خدا نے یہ کہا اور رسولؐ نے یہ، اور نماز پڑھا کرو اور بس - نہ انسانی کرداروں سے واسطہ، نہ فطرت کی وسیع تماشا گاہ کے رنگ برنگ پھولوں سے اور نہ جنگلی جانوروں اور پرندوں سے کوئی معرفت، نہ کھیلوں میلوں کی کوئی بات، نہ ہنسی مذاق اور لطیفوں کا سلسلہ، نہ جسم کے رکھ رکھاؤ کی تعلیم، نہ راستی و انصاف اور ناراستی و ظلم کی جھلکیاں، نہ نئی نئی ایجادات کے قصے، نہ اُن میں روشنی و خوشبو پھیلانے کے رجحانات اُبھارنے کی سعی -

اور اسلامی نظموں اور کہانیوں کے مجموعے بھی ایسے کہ نہ کہیں کوئی ڈیزائننگ، نہ رنگ کا استعمال، نہ خوبصورتی کا اہتمام، نتیجہ یہ کہ بچے پڑھتے ہیں تو "لوٹے بٹوٹ" جیسی نظمیں یا "اڑنے والی جل پری کا قصہ" یا "ٹارزن کا مصنوعی سیاروں پر حملہ"۔

اس ساری افسوسناک صورتِ حالات کی تلافی کے طور پر پہلی بار ایک جاندار، رنگین اور دلچسپ مجموعہ نظموں کا ہمارے سامنے آیا ہے اور یہ کارنامہ ہے جناب حفیظ الرحمٰن احسن صاحب کا، جو بڑوں کو تعلیم دینے دیتے بچوں کے ساتھ کھیلنے نکل کھڑے ہوئے۔

اس مجموعے میں حمد اور دین کی باتیں بھی ہیں - کھلونوں اور تفریحات کے مشغلے بھی اور فطرت

کے البموں کے اوراق کی سیر بھی۔ ہر صفحے پر ڈیزائنر نے کئی کئی رنگ جمع کر دیئے ہیں۔ بچے کی دلچسپی کی اشیاء کے ڈیزائن بھی ــــ بار بار بے اختیار واہ واہ کہنے کو جی چاہتا ہے۔

صحیح راستے پر اس پہلے "سبز قدم" کے بعد ہم اُمید کرتے ہیں کہ اور بھی ارباب ذوق اقدام کریں گے۔ معیار مطلوب یہ ہے کہ کسی بھی عمر کا بچہ جس بھی موضوع پر جس بھی ٹیسٹ کی کوئی چیز ڈھونڈنا چاہے (یا اس کے سرپرست)، تو انتخاب بلکہ ترجیح کا لمحہ صرف پاکیزہ اور تعمیر پسندانہ لٹریچر ہی کی طرف بڑھے۔

بغیر کسی ناقدانہ تجزیہ کے، برنبائے مسرت ہم نے محض یہ تعارفی سطور لکھ دی ہیں۔ مصنف، ناشر، قارئین، خصوصاً بچوں کو بہت بہت مبارک ہو!

واضح رہے کہ یہ "حصہ اوّل" ہے، حصہ دوم بھی آسکتا ہے اور اس سے آگے بھی!

ترجمان الحدیث ــــ سیرت نمبر | مدیر اعلیٰ: مولانا احسان الٰہی ظہیر مرحوم۔

مقام اشاعت: ۵ لوئر مال۔ لاہور قیمت فی پرچہ -/۳ روپے۔ سالانہ -/۲۵ روپے

علامہ احسان الٰہی ظہیر اور ان کے ساتھیوں پر سے جو موجِ خون گذری ہے، اس کی وجہ سے خاص طور سے میں نے "ترجمان الحدیث" کے "سیرت نمبر" کا مطالعہ کیا۔ اب بہت ہی مجمل الفاظ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اپنے اداریے میں سیرت کے بارے میں علامہ صاحب نے بڑی عالمانہ حیثیت سے چند باتیں بیان کی ہیں۔ بقیہ مقالات جو مختلف اہل قلم حضرات کی طرف سے شامل ہیں، بہت مفید اور صحیح معلومات پر مشتمل ہیں۔ ان میں جا بجا ضروری حوالے بھی آگئے ہیں۔

حوا کی بیٹی | مؤلف: نصیر احمد خلیلی۔ ناشر حسن البناء اکیڈمی۔ گلی نمبر ۸۔ علامہ اقبال کالونی۔ ٹینچ بھاٹہ راولپنڈی۔ طبقہ نسواں کی مغرب زدگی پر اظہارِ خیال۔